اردو (لازمی)	نہم لاہور بورڈ، 2024ء	دوسرا گروپ
وقت: 2.10 گھنٹے	انشائیہ طرز	کل نمبر: 60

www.ilmkidunya.com

(حصہ اوّل)

2- درج ذیل اشعار کی مختصر تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے): 10

(حصہ نظم)

(i) تو ہی نظر آتا ہے ہر شے پہ محیط اُن کو — جو رنج و مصیبت میں کرتے ہیں گلا تیرا
(ii) جیوں تیرے در پر، مروں تیرے در پر — یہی مجھ کو حسرت یہی آرزو ہے
(iii) پڑتے ہیں پانی ہر جا جل تھل بنا رہے ہیں — گلزار بھیگتے ہیں سبزے نہا رہے ہیں
(iv) ڈالی گئی جو فصل خزاں میں شجر سے ٹوٹ — ممکن نہیں ہری ہو سحاب بہار سے

(حصہ غزل)

(v) آتشِ غم میں دل بُھنا شاید — دیر سے بُو کباب کی سی ہے
(vi) عہدِ پیری میں ہوئی عمر کیونکر بسر — میں جاگا کیا، بخت سویا کیا
(vii) جان تم پر نثار کرتا ہوں — میں نہیں جانتا دُعا کیا ہے

(حصہ دوم)

3- درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے، سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ 10

(الف) باوجودیکہ مرزا کی آمدنی اور مقدور بہت کم تھا، مگر خودداری اور حفظِ وضع کو وہ کبھی ہاتھ سے نہ جانے دیتے تھے۔ شہر کے امراء و عمائد سے برابر کی ملاقات تھی۔ کبھی بازار میں بغیر پالکی یا ہوادار کے نہ نکلتے تھے۔ عمائدِ شہر میں سے جو لوگ اُن کے مکان پر آتے تھے، یہ بھی اُن کے مکان پر ضرور جاتے۔

(ب) بھینسے کو بالکل نکما سمجھا جاتا ہے۔ اسے ہل میں جوتنے کی سکیم ناکامیاب ثابت ہوئی، کیونکہ وہ دائمی طور پر تھکا ہوا اور ازلی سست ہے۔ اس نے بچپن میں بھینس کا دودھ پیا تھا۔ بھینس کے سامنے بین بجائی جائے تو نتیجہ تسلی بخش نہیں نکلتا، بھینس کو بین سے کوئی دلچسپی نہیں ہے۔

4- درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 10

(i) بحوالہ سبق "ہجرت نبوی ﷺ" ابو جہل نے حضرت محمد ﷺ کو نقصان پہنچانے کے لیے کون سی رائے پیش کی؟
(ii) مرزا غالب اکثر تنگ دست کیوں رہتے تھے؟
(iii) اگر انسان اپنے دلی قوی کو بے کار چھوڑ دے تو کیا نتیجہ نکلتا ہے؟
(iv) جمن نے خالہ کی خاطر داریاں کب تک کیں؟
(v) ڈرامہ "آرام و سکون" کے آخر میں کون کون سی آوازیں مل کر میاں کو تکلیف دیتی ہیں؟
(vi) نظم حمد میں شاعر کے دل سے کیا ٹکرا کے گزرتا ہے؟
(vii) طیور کہاں نغمہ زن تھے؟
(viii) صیاد سے بہادر شاہ ظفر کی کون مراد ہے؟

5- کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: 5

(الف) پنچایت۔ (ب) آرام و سکون

6- نصاب میں شامل نظم "حمد" کا مرکزی خیال/خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 5

7- فیس معافی کے لیے ہیڈ ماسٹر/ہیڈ مسٹریس/پرنسپل کے نام درخواست لکھیے۔ 10

یا

اپنی پڑھائی میں دقت پیدا کرنے والی موسیقی بند کرانے کے لیے اپنے ہمسائے کے نام خط لکھیے۔

8- "جس کا کام اُسی کو ساجھے" کے عنوان پر کہانی تحریر کیجیے۔ 5

یا

تاریخ پاکستان کے موضوع پر استاد اور شاگرد کے درمیان مکالمہ لکھیے۔ 5

9- درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے: 5

(i) دس جگ، پانچ پلیٹیں ایک گلاس ٹوٹ گیا۔
(ii) دل نے چاہا تو ضرور آؤں گا۔
(iii) امجد نے کراچی جانا ہے۔
(iv) حسیب، مُنیب اور مجیب آیا۔
(v) میں نے شاہد دیکھا۔

یا

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے۔

(i) الٹے بانس __________
(ii) رات گئی __________
(iii) ہاتھی کے دانت __________
(iv) ظلم کی ٹہنی کبھی __________
(v) جس کی لاٹھی __________